تاریخ پاکستان	نہم، لاہور بورڈ، 2016	پرچہ: I
وقت: 2.10 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 60

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) وادی سندھ کی تہذیب کے دو اہم مراکز کون سے تھے؟

(ii) تہذیب سے کیا مراد ہے؟

(iii) مہاویر کے پیغام کی مقبولیت کی وجہ کیا تھی؟ دو سطور لکھیے۔

(iv) رضیہ سلطانہ کون تھی؟ دو سطروں میں لکھیے۔

(v) گپت خاندان کا بانی کون تھا اور کہاں سے آیا؟

(vi) محمد بن قاسم کے سندھ پر قبضے کے دو اثرات لکھیے۔

(vii) التتمش کو درپیش دو مسائل لکھیے۔

(viii) مقامی لوگوں کے بارے میں بلبن کی کیا رائے تھی؟ دو سطور لکھیے۔

(ix) علاؤالدین کے فعال کیے گئے محکمہ جاسوسی کے دو فوائد لکھیے۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) کیقباد نے کب سے کب تک حکومت کی؟

(ii) علاؤالدین نے کس کو غازی ملک کا خطاب دیا اور کیوں؟

(iii) محمد بن تغلق کے دور میں جو آزاد ریاستیں وجود میں آئیں ان میں سے دو کے نام لکھیے۔

(iv) لودھی خاندان کا نظام حکومت بہتر کیوں نہ ہو سکا، دو وجوہات بیان کیجیے۔

(v) رانا سانگا کون تھا؟ اس کو بابر نے کب شکست دی؟

(vi) لودھی خاندان کا آخری حکمران کون تھا؟ اس کا انتقال کب ہوا؟

(vii) ہمایوں کتنے عرصہ جلاوطن رہا؟ اس کا انتقال کب ہوا؟

(viii) جنگ چوسہ اور قنوج کب لڑی گئیں؟

(ix) شیر شاہ سوری کا اصل نام کیا تھا؟ اس کو شیر خاں کا خطاب کس نے دیا؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) سلیم کے والد اور والدہ کا نام لکھیے۔

(ii) اکبر کی بادشاہت کا ابتدائی دور کب سے کب تک تھا؟

(iii) اکبر کی دو سیاسی اصلاحات تحریر کیجیے۔

(iv) ارجمند بانو کس کی بیٹی تھی؟ اس کا شاہ جہاں سے کیا رشتہ تھا؟

(v) شاہ جہاں نے اقتدار کیسے حاصل کیا؟

(vi) اورنگ زیب کے والد کا نام اور لقب تحریر کیجیے۔

(vii) یاترا ٹیکس کیا تھا اور اسے کس نے ختم کیا؟

(viii) قطب مینار کی بنیاد کس نے رکھی اور کس کے دور میں مکمل ہوا؟

(ix) مصوری اور خطاطی میں کیا فرق ہے؟

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔

-5 مسلمانوں کی آمد سے قبل ہندوستان کی سیاسی حالت کیا تھی، تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ 8

-6 علاؤالدین خلجی کی انتظامی اصلاحات تفصیلاً بیان کیجیے۔ 8

-7 ظہیر الدین بابر نے اپنی تمام عمر مسلسل کوشش میں گزاری، تبصرہ کیجیے۔ 8

-8 شیر شاہ سوری کی انتظامی اصلاحات تفصیلاً بیان کیجیے۔ 8

-9 اکبر بادشاہ کی بادشاہت کے تیسرے دور پر بحث کیجیے۔ 8